Titas®
FOOTWEAR



Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna

Website : www.live7tv.com
Group Editor : *Aziz Burney*

अवामी न्यूज़

# روزنامہ عوامی نیوز

کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com

بے باک صحافت کا علمبردار

₹5/- only

کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں


رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

جس نے (روزہ رکھ کر بھی) بدزبانی اور جھوٹ نہ چھوڑا تو اللہ تعالیٰ کو اس کا کھانا پینا چھوڑ دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔

(الترغیب والترھیب:۱۰۸۰)


Pages-12 ● 56 :شمارہ ● 12 :جلد ● KOLKATA ● Thursday, 27th February 2025 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۱۴۴۶ھ بمطابق ۲۸ شعبان المعظم ● جمعرات، ۲۷ فروری ۲۰۲۵ء ● کلکتہ


# ہزاری باغ میں مذہبی جھنڈا لگانے پر تنازع

# دو طبقات میں شدید جھڑپ، 20 افراد زخمی



رانچی 26 فروری: ہزاری باغ، جھارکھنڈ کے اسچاک پرکھنڈ کے ڈومرون گاؤں میں بدھ کو دو طبقات کے درمیان شدید جھڑپ ہوئی۔ دونوں فریقین کی جانب سے پتھراؤ کیا گیا، جس کے نتیجے میں کم ازکم 20 افراد زخمی ہو گئے۔ مشتعل افراد نے تین موٹر سائیکلوں کو آگ بھی لگا دی۔ اطلاعات کے مطابق تنازع اس وقت شروع ہوا جب سرکاری اسکول کے دروازے پر مذہبی جھنڈا لگانے کی کوشش کی گئی۔ بتایا گیا ہے کہ تقریباً دو سال قبل اسکول میں ایک طبقے نے مذہبی علامت کے ساتھ مینار نما دروازہ تعمیر کیا تھا، جس پر کچھ مقامی باشندے مسلسل اعتراض کر رہے تھے۔ اس مسئلے پر ضلع مجسٹریٹ اور پولیس سپر نٹنڈنٹ کو کئی بار درخواستیں دی گئیں لیکن کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔

بدھ کے روز جب ایک فریق کے افراد گانے بجاتے ہوئے وہاں جھنڈا لگانے پہنچے تو دوسرے فریق نے پتھراؤ شروع کر دیا، جس کے بعد دونوں طرف سے جھڑپ شروع ہو گئی۔ اس دوران تین موٹر سائیکلوں کو آگ کے حوالے کر دیا گیا، جس سے علاقے میں کشیدگی بڑھ گئی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر دونوں فریقوں کو منتشر کر دیا اور زخمیوں کو مقامی اسپتال میں داخل کرایا۔ اسچاک کے بی ڈی او اور تھانہ انچارج موقع پر موجود ہیں، اور امن و امان بحال کرنے کے لیے کوششیں تیز کر دی گئی ہیں۔ ایک فریق کا کہنا ہے کہ اگر سرکاری اسکول میں مذہبی علامت والا مینار تعمیر کرنے سے نہیں روکا گیا، تو دوسرے فریق کو بھی وہاں جھنڈا لگانے کا حق حاصل ہے۔ انتظامیہ دونوں فریقوں کے درمیان بات چیت کرانے اور حالات کو معمول پر لانے کی کوشش کر رہی ہے۔

# یوگی کی بدزبانی کی مجھے پرواہ نہیں

## وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کا جواب




کولکاتا، 26 فروری: مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی، جنہیں پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ پر اپنے بیان پر تنقید کا سامنا ہے، نے اتر پردیش کے وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ کے تبصرے پر جوابی حملہ کیا ہے۔ اس کے ساتھ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کمبھ کی مرتیو کمبھ کے تبصرے کو توڑ مروڑ کر پیش کیا ہے۔

وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے پریس کانفرنس کے دوران کہا، 'یوگی صاحب مجھے کتنی بھی گالی دیں، اس سے مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔ میں بطور وزیر اعلیٰ ان کا احترام کرتی ہوں۔' انہوں نے مزید کہا، 'لیکن میں یہ کہوں گی کہ آپ نے متاثرہ خاندانوں کو پوسٹ مارٹم یا موت کا سرٹیفکیٹ تک نہیں دیا ہے۔ ہم نے ان لاشوں کا پوسٹ مارٹم کیا ہے جو یہاں پہنچی ہیں۔ مجھے نہیں معلوم کہ دوسری ریاستوں میں کیا ہوا اور اگر آپ نے معاوضے کا اعلان کیا ہے تو آپ کو انہیں رقم دینا چاہیے۔'

ممتا بنرجی کا یہ ردعمل ناقدین کے نشانہ بنانے کے ایک دن بعد آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیشہ اپنی صلاحیت پر غور کرنا چاہیے، کتنے لوگ جا سکتے ہیں، کتنے لوگ رہ سکتے ہیں۔ شادی بیاہ کی تیاریاں بھی ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا، ''144 سال بعد کی تشہیر کرنے کی ضرورت نہیں تھی۔ کمبھ میلہ 2014 میں بھی ہوا تھا۔"

اپنے مرتیوں کمبھ کے تبصرے کی وضاحت کرتے ہوئے، انہوں نے کہا، "بہت سے لوگوں نے اسے توڑ مروڑ کر خوفناک باتیں کہی ہیں۔ میں کہوں گی کہ وہ جو کہہ رہے ہیں وہ جھوٹ ہے، مکمل طور پر جھوٹ ہے۔ میں نے اپنی زندگی میں کبھی کسی مذہب کی توہین نہیں کی اور نہ کبھی کروں گی۔"

(باقی صفحہ 2 پر)



IH
ISLAMIA HOSPITAL
اسلامیہ اسپتال
ISLAMIA HOSPITAL
سُپر اسپیشلیٹی اسپتال
73- چترنجن ایونیو، کولکاتا- 700012
A 200 Beded Hospital Refurbished and Modernized to Cater to The Medical Needs Our Main Aim is to Provide Affordable Medical Treatment to All (Especially The Economically Weak Patients)
DEPARTMENT AVAILABE
• GENERAL MEDICINE
• CHEST MEDICINE
• DIABETIC
• DIABETIC FOOT CARE
• CARDIOLOGY
• SURGERY (GENERAL & LAP)
• GASTROENTEROLOGY
• NURSERY
• ORTHOPAEDIC
• UROLOGY
• GYNAECOLOGY & OBSTETRICS
• NEUROLOGY & NEUROSURGERY
• NEPHROLOGY
• CANCER SURGERY
• CANCER MEDICINE
• PAEDIATRICS
• DENTISTRY
• OPHTHALMOLOGY
• ENT
• DERMATOLOGY
• PLASTIC SURGERY

سواستھ ساتھی کارڈ
قبول کیا جاتا ہے
PHARMACY : 24 x 7
Discounted medicines available
(FOR IPD, OPD PATIENTS AND WALK-IN CUSTOMERS)
ULTRAMODERN ICU OPERATION THEATRE
8 STARE OF THE ART OPERATION THEATRE
(SPECIAL LABOUR ROOM)


• PATHOLOGY
• DIALYSIS
• CT SCAN
• X-RAY
• ECG
• ECHOCARDIOGRAPHY
• ENDOSCOPY
• PHYSIOTHERAPY
• ULTRASONOGRAPHY WITH
• COLOUR DOPPLER
24x7 EMERGENCY SERVICE
FIRHAD HAKIM
President
AMIRUDDIN (Bobby)
Hony. General Secretary
Ph.: 033-2237-8737 I 4602-3709 E-mail: islamiahospital.011@gmail.com


# راجیہ سبھا ایم پی مہوا ماجھی سڑک حادثے میں شدید زخمی، بیٹے اور بہو کو بھی آئیں چوٹیں



رانچی 26 فروری: جھارکھنڈ کے لاتیہار میں جھارکھنڈ مکتی مورچہ (جے ایم ایم) کی راجیہ سبھا ایم پی مہوا ماجھی آج سڑک حادثے کا شکار ہو گئیں۔ حادثے میں وہ شدید طور پر زخمی ہوئی ہیں اور ان کی حالت سنگین بتائی جا رہی ہے۔ انہیں بہتر علاج کے لیے رانچی کے ریمس اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

ذرائع سے ملی اطلاع کے مطابق مہوا ماجھی کی کار ہوٹ باغ صدر تھانہ حلقہ کے قومی شاہراہ نمبر-75 پر صبح خوشبو ڈھابہ کے پاس کھڑے ایک ٹرک سے ٹکرا (باقی صفحہ 2 پر)

# پریاگ راج-ایودھیا ہائی وے پر خوفناک حادثہ، بے قابو کار گھر میں گھسی، 4 نوجوان کی موت، 5 شدید زخمی



لکھنؤ، 26 فروری: اتر پردیش کے پرتاپ گڑھ ضلع میں پریاگ راج-ایودھیا ہائی وے پر شدید سڑک حادثہ پیش آیا۔ بدھ کو ایک تیز رفتار بے قابو کار ایک گھر میں گھس گئی۔ اس حادثے میں 4 نوجوانوں کی موت ہو گئی جبکہ 5 افراد زخمی ہو (باقی صفحہ 2 پر)

# اسرائیل سے سینکڑوں فلسطینیوں کی ہونے والی ہے رِہائی، حماس بھی 4 اسرائیلیوں کی لاشیں کرے گا سپرد



اسرائیل 26 فروری: اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کا پہلا مرحلہ چند روز میں ختم ہونے والا ہے۔ دوسرے مرحلہ کے لیے بات چیت ہونی ہے، لیکن حماس اور اسرائیل دونوں ہی کچھ معاملوں پر اپنی ناراضگی ظاہر کر رہے ہیں۔ فی الحال امید کی جا رہی ہے کہ جلد ہی اسرائیل سینکڑوں فلسطینی قیدیوں کو رِہا کرے گا، اور پھر اس کے بدلے میں حماس جمعرات (27 فروری) کو 4 اسرائیلی یرغمالوں کی لاشیں لوٹائے گا۔ قابل ذکر ہے کہ اسرائیل نے حماس کی طرف سے یرغمالوں کی رِہائی کے دوران ان کے ساتھ کیے گئے غلط سلوک کے احتجاج میں ہفتہ کے روز سے تقریباً 600 فلسطینی قیدیوں کی رِہائی میں تاخیر کی تھی۔ اس پر حماس نے کہا ہے کہ یہ تاخیر ان کی جنگ بندی سے متعلق اصولوں کی خلاف ورزی ہے، اور جب تک فلسطینیوں کو رِہا نہیں کیا جاتا، تب تک دوسرے مرحلہ پر بات چیت ممکن نہیں ہے۔ حماس کے ترجمان عبداللطیف القانو نے بدھ کے روز بتایا کہ حماس اگلے دن 4 اسرائیلیوں کی لاشیں (باقی صفحہ 2 پر)

